22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علم التجوید	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	الشهادة التجويد والقراءة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ________________

نام طالبعلم: ______________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ فوائد مکیہ اس فن کی کتاب ہے:

(الف) علم الفقہ (ب) علم القرآن (ج) علم التجوید (د) علم الحدیث

2۔ صاحب فوائد مکیہ کا وصال ہوا:

(الف) 1349ھ میں (ب) 1351ھ میں (ج) 1353ھ میں (د) 1355ھ میں

3۔ تجوید کے معنیٰ ہیں:

(الف) حروف کو اپنے مخارج سے ادا کرنا (ب) حروف کو اپنی صفات لازمہ سے ادا کرنا (ج) حروف کو اپنی صفات غیر لازمہ سے ادا کرنا (د) حروف کو اپنے مخرج مع جمیع صفات کے ادا کرنا

4۔ لحن جلی سے پڑھنا اور سننا دونوں کا حکم ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) مستحب (د) حرام

5۔ مخارج حروف کی تعداد ہے:

(الف) بارہ (ب) تیرہ (ج) چودہ (د) پندرہ

6۔ صفات لازمہ کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

7۔ حروف مستعلیہ پُر پڑھے جاتے ہیں:

(الف) جب ان پر زبر ہو (ب) جب ان پر زیر ہو (ج) جب ان کے ماقبل پر زبر یا پیش ہو (د) ہر حال میں

8۔ حروف کی باعتبار قوت وضعف اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

9۔ میم ساکن کے حال ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

ورق الٹیے

10۔ادغام کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

11۔ مقدمۃ الجزری کے مصنف کا نام ہے:

(الف) شمس الدین محمد بن محمد (ب) شمس الدین احمد بن محمد (ج) امام احمد بن عبد اللہ (د) امام عبد اللہ بن احمد

12۔ مقدمۃ الجزری میں مذکور مصنف کے اشعار کی کل تعداد ہے:

(الف) 107 (ب) 108 (ج) 109 (د) 110

13۔صاحب مقدمۃ الجزری کا سن ولادت ہے:

(الف) 651ھ (ب) 751ھ (ج) 655ھ (د) 755ھ

14۔ حروف شدیدہ کا مجموعہ ہے:

(الف) فحثه شخص سكت (ب) اجد قط بكت (ج) لن عمر (د) خص ضغط قظ

15۔صفت استطالت پائی جاتی ہے:

(الف) حرف طاء میں (ب) حرف ظاء میں (ج) حرف سین میں (د) حرف ضاد میں

16۔ حرف مدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو تو اس کو کہتے ہیں:

(الف) مد متصل (ب) مد منفصل (ج) مد عارض (د) مد لازم

17۔وقف جائز کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

18۔وقف تام کو کہتے ہیں:

(الف) وقف کافی (ب) وقف ممنوع (ج) وقف قبیح (د) وقف حرام

19۔ ہمزہ وصلی مضموم فعل کے شروع میں آتا ہے:

(الف) جب فعل کا دوسرا حرف مضموم ہو (ب) جب فعل کا تیسرا حرف مضموم ہو (ج) جب فعل کا تیسرا حرف مفتوح ہو (د) جب فعل کا دوسرا حرف مفتوح ہو

20۔وقف اشمام کیا جاتا ہے:

(الف) کسرہ میں (ب) فتحہ میں (ج) ضمہ میں (د) تنوین میں

22-02-2024

نظام المدارس پاکستان

سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علم التجوید	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ التجوید والقراءۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ تلاوت قرآن سے پہلے کیا پڑھنا ضروری ہے؟ اور اسکے الفاظ تحریر کریں۔

2۔ علم التجوید کے مطابق تعوذ و تسمیہ پڑھنے کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟

3۔ حرف "ضاد" کا مضرج تحریر کریں۔

4۔ صفت ہمس کا معنی اور ہمس کے حروف کا مجموعہ تحریر کریں۔

5۔ حروف قلقلہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟ تحریر کریں۔

6۔ حروف صفیریہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟ تحریر کریں۔

7۔ اضعف الحروف کتنے اور کون کونسے ہیں؟ تحریر کریں۔

8۔ ادغام کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں۔

9۔ غنہ کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی تحریر کریں۔

10۔ فتحہ، ضمہ اور کسرہ کو ادا کرنے طریقہ تحریر کریں۔

11۔ اجتماع ساکنین علیٰ حدہ کی تعریف لکھیں۔

12۔ مد کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "مخارج الحروف سبعۃ عشر علی الذی یختارہ من اختبر" کا ترجمہ لکھیں

2۔ صاحب مقدمۃ الجزری کا مکمل نام اور سن ولادت تحریر کریں۔

3۔ مقدمۃ الجزری کس فن کی کتاب ہے؟ اور اس میں اشعار کی کل تعداد کتنی ہے؟

4۔ مقدمۃ الجزری کے مطابق "نون" اور "راء" کا مخرج لکھیں۔

5۔ صفت شدیدہ کونسی صفت کی ضد ہے؟ اور صفت شدیدہ کا مجموعہ تحریر کریں۔

6۔ "والاخذ بالتجوید حتم لازم من لم یجود القرآن آثم" کا ترجمہ لکھیں

7۔ اسم جلالت کا لام کب پُر اور کب باریک پڑھنا پڑھا جاتا ہے؟ تحریر کریں۔

8۔ حرف "ظاء" اور "ضاد" کے درمیان کیا فرق ہے؟ واضح کریں۔

9۔ نون ساکن اور نون تنوین کے بعد جب یاء آجائے تو کیسے پڑھیں گے؟

10۔ وقف کا لغوی معنٰی کیا ہے؟ اور وقف حسن کی تعریف تحریر کریں۔

11۔ وقف بالروم کی تعریف اور مثال لکھیں۔

12۔ "من یحسن التجوید یظفر بالرشد" کا ترجمہ لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. صاحب فوائد مکیہ کے قول "قرآن کو الحان اور انغام کے ساتھ پڑھنے میں اختلاف ہے" الحان اور انغام کا معنٰی لکھتے ہوئے اس انداز سے تشریح کریں کہ مصنف کی مراد واضح ہو جائے۔

ii. اجتماع ساکنین سے کیا مراد ہے؟ اجتماع ساکنین کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ نیز اجتماع ساکنین کے احکام سپرد قلم کریں۔

iii. درج ذیل حروف کے مخارج اور اس میں پائی جانے والی صفات لازمہ تحریر کریں۔ (صرف پانچ)

1۔ ت   2۔ ث   3۔ ج   4۔ خ

5۔ ش   6۔ ز   7۔ ح

ورق الٹئے

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. امام جزری نے مخارج حروف کتنے بیان کیے ہیں؟ شعر سے وضاحت کرتے ہوئے "طاء، دال اور طاء" کا مخرج شعر کی صورت بیان کریں۔

ii. حرف "راء اور لام" کب پُر اور کب باریک پڑھا جاتا ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. درج ذیل اشعار کا ترجمہ تحریر کریں۔ (صرف تین)

1۔ وھوایضا حلیة التلاوۃ   وزینة الاداء والقراءۃ

2۔ وھو اعطاء الحروف حقھا   من صفة لھا و مستحقھا

3۔ ورد کل واحد لاصله   واللفظ فی نظیرہ کمثله

4۔ مکملا من غیر ما تکلف   باللطف فی النطق بلا تعسف